© rasailojaraid.com



ترحیم　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　ادارہ

# مسافرینِ آخرت

**محترم مولانا عبدالقیوم کو صدمہ:**

ہمارے بہت ہی کرم فرما محترم مولانا عبدالقیوم (چکوال) کی اہلیہ محترمہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں انتقال کر گئیں۔ مولانا اور ان کے اہل خاندان کے لئے یہ صدمہ جانکاہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ تمام پسماندگان کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

**مولانا عبدالکریم صابر کو صدمہ:**

ہفت روزہ "مخلص" ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مدیر اور ہمارے قدیم رفیقِ فکر محترم مولانا عبدالکریم صابر کے جواں سال پوتے کو رمضان المبارک میں کسی شقی القلب نے قتل کر دیا۔

عمر کی آخری منزل میں مولانا کو اس حادثہ سے گہرا زخم لگا ہے۔ جس کا مندمل ہونا بظاہر ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ عزیز مقتول کی مغفرت فرمائے اور مولانا سمیت تمام لواحقین کو صبر عطاء فرمائے (آمین)

**مولانا عبدالقادر احرار کو صدمہ:**

رحیم یار خان سے نقیب ختم نبوت کے قاری محترم مولانا عبدالقادر احرار کے والد ماجد ۲۵ رمضان المبارک کو رحلت فرما گئے۔

**محترم سید عبداللہ شاہ ہمدانی مرحوم:**

خیر پور ٹامیوالی سے ہمارے کرم فرما اور سید عطاء اللہ شاہ صاحب کے والد ماجد محترم سید عبداللہ شاہ صاحب ہمدانی ۶ شوال کو اچانک انتقال کر گئے۔ جناب سید محمد عبداللہ شاہ صاحب مرحوم، سید عباس علی شاہ ہمدانی رحمہ اللہ کے برادرِ نسبتی تھے۔

**محترم قاری کریم بخش مرحوم:**

بہاولپور گھلواں ضلع بہاولپور سے خاندانِ امیر شریعت کے بہت ہی کرم فرما محترم قاری کریم بخش صاحب ۲۹ رمضان المبارک کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ وہ حاجی پیر بخش رحمہ اللہ کے دوسرے فرزند تھے۔ حاجی پیر بخش مرحوم زمیندار ہونے کے باوجود نہایت صالح اور عابد و زاہد مسلمان تھے۔ حضرت امیر شریعت سے بے پناہ محبت رکھتے تھے۔ حضرت امیر شریعت جب بھی اس علاقے میں جاتے تو قیام حاجی صاحب مرحوم کے ہاں ہی ہوتا۔ یہ تعلق و محبت آج تک الحمدللہ قائم ہے اور حاجی صاحب مرحوم کے بیٹے اور اہلِ خاندان اسے نبھا رہے ہیں۔ (جزاکم اللہ) قاری صاحب کے انتقال سے ہمیں شدید صدمہ پہنچا

(بقیہ ص ۶۳ پر)

© rasailojaraid.com